كيف انتم اذا نزل ابن مريم فيكم وامامكم منكم متفق علیہ

اسلام میں امام مہدی رضی اللہ عنہ کا تصور

امام مہدیؓ سے متعلق اہلسنت والجماعت کا عقیدہ، نام و نسب، سیرت و حلیہ، علامات ظہور مہدیؓ، صحیحین میں امام مہدیؓ سے متعلق احادیث، واقعاتی تناظر میں، منکرین و مدعیان مہدویت، اکابر علماء کی آراء و فتاویٰ

از افادات
حضرت مولانا پروفیسر محمد یوسف خان صاحب مدظلہ
استاذ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور

مؤلف
مولانا حافظ محمد مظفر اقبال
فاضل جامعہ اشرفیہ

يَكُونُ فِي آخِرِ أُمَّتِي خَلِيفَةٌ يَحْثِي الْمَالَ حَثْيًا وَلَا يَعُدُّهُ عَدًّا مسلم شریف
كَيْفَ أَنْتُمْ إِذَا نَزَلَ ابْنُ مَرْيَمَ فِيكُمْ وَإِمَامُكُمْ مِنْكُمْ متفق علیہ

اسلام میں امام مہدی رضی اللہ عنہ کا تصوّر

امام مہدیؓ سے متعلق اہلسنّت والجماعت کا عقیدہ، نام و نسب، سیرت و حلیہ، علامات ظہورِ مہدیؓ، صحیحین میں امام مہدیؓ سے متعلق احادیث، واقعاتی تناظر میں، منکرین و مدعیانِ مہدویت اکابر عُلماء کی آراء و فتاویٰ

از افادات
حضرت مولانا پروفیسر محمد یوسف خان صاحب مدظلہ
استاذ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور

مؤلّف
مولانا حافظ محمد ظفر اقبال
فاضل جامعہ اشرفیہ

بیت العُلوم
۲۰۔ نابھہ روڈ، پرانی انارکلی لاہور۔ فون: ۳۵۲۲۸۱۳

نام کتاب اسلام میں امام مہدی رضی اللہ عنہ کا تصور

مؤلف حافظ محمد ظفر اقبال (فاضل جامعہ اشرفیہ لاہور)

افادات پروفیسر مولانا محمد یوسف خان صاحب
(استاذ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور)

باہتمام محمد ناظم اشرف

ناشر بیت العلوم ۔ ۲۰ نابھہ روڈ، چوک پرانی انارکلی، لاہور
فون: ۷۳۵۴۴۸۳

﴿ملنے کے پتے﴾

بیت العلوم = ۲۰ نابھہ روڈ، پرانی انارکلی، لاہور
ادارہ اسلامیات = ۱۹۰ انارکلی، لاہور
ادارہ اسلامیات = موہن روڈ چوک اردو بازار، کراچی
دارالاشاعت = اردو بازار کراچی نمبر ۱
بیت القرآن = اردو بازار کراچی نمبر ۱

بیت الکتب = گلشن اقبال، کراچی
ادارۃ المعارف = ڈاک خانہ دارالعلوم کورنگی کراچی نمبر ۱۴
مکتبہ دارالعلوم = جامعہ دارالعلوم کورنگی کراچی نمبر ۱۴
مکتبہ سید احمد شہید = الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور
مکتبہ رحمانیہ = غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور

اتمام حجت کر چکا، اس نے انبیاء علیہم السلام کو بھیجا، کتابوں کو نازل کیا اور تمہیں یہ حکم دیا کہ اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ، اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت پر محافظت کرو۔ جن چیزوں کو قرآن کریم نے زندہ کرنے کا حکم دیا ہے تم انہیں زندہ کرو، جن چیزوں کو چھوڑنے اور ختم کرنے کا حکم دیا ہے ان کو ترک کردو اور ہدایت کے کاموں پر ایک دوسرے کے مددگار بن جاؤ، اور تقویٰ پر ایک دوسرے کے معاون بن جاؤ اس لیے کہ دنیا کے فنا وزوال کا وقت قریب آ گیا ہے اور وہ رخصت ہونے کے قریب ہے اس لیے میں تمہیں اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرنے، قرآن کریم کے احکامات پر عمل کرنے، باطل کو ختم کرنے اور سنتوں کو زندہ کرنے کی طرف دعوت دیتا ہوں۔"

اور ایک رایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ:

"اے لوگو! امت محمدیہ کو مصائب نے آ گھیرا، خاص طور پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاندان والوں کو اور ہم مغلوب ہو گئے اور ہمارے خلاف کفار نے بغاوت کر کے ہم پر چڑھائی کر دی۔"

پھر اہل بدر کی تعداد کے برابر ۳۱۳ افراد کے ساتھ ظہور کریں گے اور ۳۱۳ افراد ہی طالوت کے ساتھ بھی نکلے تھے، جب انہوں نے جالوت کے مقابلے کا ارادہ کیا تھا اور نہر عبور کی تھی۔

امام مہدیؒ کے اعوان وانصار:

حضرت امام مہدیؒ کے ساتھ یہ ۳۱۳ افراد شام کے ابدال، عراق کے عصائب اور مصر کے نجائب پر مشتمل ہوں گے جو رات کے وقت شب زندہ دار اور دن کے وقت شہسوار ہوں گے، جب ان کے پاس گورنر مدینہ کا بھیجا ہوا لشکر پہنچے گا تو یہ اس سے قتال کر